الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 14 ستمبر، 2017ء

ریٹرننگ آفیسر این اے 120 لاہور نے چیف سیکرٹری پنجاب اور آئی جی پنجاب کو ہدایت کی ہے کہ مذکورہ حلقے میں کوئی بھی جلسہ وجلوس قانون کے خلاف ہو گا۔ لہذا کسی کو بھی جلسے کی اجازت نہ دی جائے اور نہ ہی اس حلقے میں کوئی جلسہ کرایا جائے۔ کیونکہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ضابطہ اخلاق کے مطابق کوئی بھی سیاسی جماعت جلسہ نہیں کر سکتی۔ تفصیلات کے مطابق آج ریٹرننگ آفیسر این اے 120 لاہور نے چیف سیکرٹری پنجاب اور آئی جی پنجاب کو ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جس میں کسی قسم کے جلسے کی اجازت نہ دی جانے کی استدعا کی گئی ہے اور ہدایت کی گئی ہے کہ مذکورہ حلقے میں کسی بھی سیاسی جماعت کی جانب سے ہونے والے جلسے کو فی الفور روکا جائے۔ کیونکہ الیکشن کمیشن کے نوٹس میں یہ بات آئی ہے کہ آج مورخہ 14 ستمبر 2017ء کو کچھ سیاسی جماعتیں سیاسی جلسے کرانا چاہتی ہیں۔ آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ضابطہ اخلاق کا خیال رکھتے ہوئے ان جلسوں کی اجازت نہ دی جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆